س: دین اور مذہب میں فرق؟ اور انسانی زندگی میں دین کی اہمیت اور مذہب کا کردار دلائل سے واضح کریں؟

تعارف:

Give a summary of the answer in the introduction.

دنیا میں مذہبی تصورات کسی نہ کسی شکل میں موجود ہیں کہیں محدود تعلیمات اور کہیں لا محدود تعلیمات اور مکمل ضابطہ حیات کا دعویٰ رکھتا ہے۔ کچھ لوگ جو اپنے آپ کو کسی مذہب کا پیروکار نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ مذہب کچھ بھی نہیں ان کا بھی یہ عقیدہ ہے

دین کے لغوی اور اصطلاحی معنی:

عربی زبان میں دین کے معنی غلبہ یا بلندی کے ہیں۔ دین سے مراد طریق زندگی یا طرز و فکر و عمل ہے جس کی پیروی کی جائے

دین کے اصطلاحی معنی یہ ہے کہ اسلام ہی ایک حقیقی اور صحیح طریق زندگی ہے۔ دین مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جس میں

عقائد، عبادات، اخلاقیات اور معاملات
سمیت زندگی کے ہر شعبے کے لیے
مکمل رہنمائی موجود ہے۔

مذہب:-

مذہب عربی زبان کے لفظ ذہب سے
نکلا ہے جس کا مطلب ہے طریقہ، راستہ
عقیدہ۔ اس کے اصطلاحی معنی یہ ہے
کہ مذہب ایک سے زیادہ ان دیکھی قوت
کو مذہب کہتے ہیں۔ ایک ایسے راستے
پر چلنا جس سے منزلِ مقصود پر
پہنچا جا سکے۔

مغربی مفکرین کے نزدیک مذہب:

(1) ای۔ بی۔ ٹیلر کے مطابق:

"مذہب روحانی موجودات پر
اعتقاد کا نام ہے"

پروفیسر وائٹ کے مطابق:

مذہب اعتقاد کی اس قوت کا
نام ہے جس میں انسان کو اندرونی
پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔ مذہب ان
صداقتوں کے مجموعے کا نام ہے جس
میں یہ قوت ہوتی ہے کہ وہ انسانی
کردار میں انقلاب پیدا کر دیں۔ انہیں
خلوص کے ساتھ قبول کیا جائے اور

Date:________ (M) (T) (W) (T) (F) (S)

بصیرت کے ساتھ سمجھا جائے۔"

One or two definitions are enough.

[illegible]
[illegible] سمجھنا مذہب ہے

فرائڈرچ لکھتے ہیں کہ ہر انفرادی شے کو ایک عظیم کل کا جزو سمجھنا اور ہر محدود شے کو لا محدود کا نمائندہ تصور کرنا مذہب ہے۔

ولیم جیمز کے مطابق:
انسان کا ایک غیر مرئی نظام کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑنا مذہب ہے

ماہر عمرانیات ایمیل ڈورکھیم کہتے ہیں: "خدا کی ذات سے متعلق عقیدے کو مذہب کہتے ہیں"

دین اور مذہب میں فرق:-

دین میں عقیدہ توحید صرف بیان کیا جاتا ہے جو ہر طرح کے شرک سے پاک ہے جبکہ مذہب میں عقیدہ توحید اور شرک دونوں ساتھ موجود ہوتے ہیں جیسے عیسائیت، یہودیت، ہندومت جیسے مذاہب میں ہے

Date:

M T W T F S

دین آدمؑ سے لے کر حضرت محمدؐ تک
[illegible] پر ایمان لانے کا نام ہے جبکہ
مذہب بعض اشیاء پر ایمان
اور بعض کے انکار پر مشتمل ہے
دین میں عقیدہ آخرت کا پورا
تصور موجود ہے جیسے قبر، قیامت
دوزخ، جنت جبکہ مذہب میں
غیر اسلامی تصور موجود ہے۔
دین میں حلال و حرام کی واضح
امتیازات موجود ہیں جبکہ مذہب
میں نہیں ہیں۔ دین میں عملی
زندگی کی رہنمائی وحی الٰہی سے
حاصل ہوتی ہے جبکہ مذہب میں
عقل عام سے حاصل ہوتی ہے، مذہب
میں انسان عقیدے بناتا ہے۔ جبکہ دین
میں الہامی عقیدے موجود ہیں جیسے
روزہ، نماز، حج، زکوٰۃ وغیرہ۔
دینی تعلیمات میں کوئی تفریق نہیں
جبکہ مذہبی تعلیمات میں تفریق ہے۔
دین [illegible] انسانیت [illegible]
ہے جس میں عالمگیریت ہے جبکہ
مذہب [illegible] عالمگیریت [illegible]
نہیں ہے۔ دین میں سب انسان برابر
ہیں [illegible] تعلیمات [illegible]
میں انسانوں کو تقسیم کیا گیا ہے
اور سب [illegible] برابر نہیں ہیں۔

Attempt by giving multiple subheadings. Also add examples and references against your arguments.

Date:______ M T W T F S

دین کے اصول الہامی ہیں جو تبدیل نہیں
ہو سکتے جبکہ مذہب میں اخلاقی اصولوں
کے سوا دیگر الہامی نہیں ہیں اور یہ
تبدیل ہو سکتے ہیں۔

← انسانی زندگی میں دین کی اہمیت:۔

مذہب کی ضرورت و اہمیت ہر دور، ہر
ثقافت اور ہر طبقے کے لیے ایک جیسی
ہے لیکن اس کو مختصر طور پر مندرجہ
بالا نکات میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

(1) مذہب فطری ضرورت ہے:۔

مذہب ایک فطری خواہش ہے

- قرآن میں فرمایا گیا ہے:

"اپنا رخ سب سے موڑ کر دین حنیف کی طرف
کر لو یہی وہ فطرت ہے جس پر اللہ نے انسان
کو پیدا فرمایا۔"

- حدیث میں آیا ہے: "ہر بچہ مسلم فطرت پر
پیدا ہوتا ہے۔"

- علامہ شبلی نعمانی کہتے ہیں:

دنیا میں ہر قوم، ہر نسل فلاح اور سکون
قلب چاہتا ہے اور مذہب یہ مہیا کرتا ہے

فطری طور پر ہر انسان فلاح چاہتا ہے اور
مذہب یہ مہیا کرتا ہے مذہب انسانی مسائل کے

جواب دیتا ہے اسی لیے مذہب ہر انسان
کی فطری خواہش کی حیثیت رکھتا ہے
اور اس کے بغیر اس کی زندگی کی تکمیل
مکمل نہیں ہے

(ii) مذہب روحانی ضرورت ہے:

روحانیات کا تصور مذہب کے ساتھ اس
قدر وابستہ ہے کہ اگر روحانیت کا
وجود تسلیم کیا جائے تو مذہب
خود بخود تسلیم کرنا ہی ہوگا
روحانیت سے مذہب کو الگ نہیں کیا
جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے روحانی ہدایت
کے لیے انبیاء بھیجنے کا انتظام کیا۔

(iii) مذہب معاشرتی ضرورت ہے:

ایک اچھا معاشرہ اتحاد، مساوات، رواداری
امن و امان، اخلاقی ترقی و تربیت، خلوص
و محبت، عدل و انصاف سے تشکیل پاتا ہے
اور مذہب ان کو پیدا کرنے اور پروان
چڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔
بہتر معاشی زندگی گزارنے کے لیے درست
قوانین و ضوابط کی ضرورت ہوتی ہے اگر
اصول و قوانین نہ ہوں تو معاشرہ
انتشار کا شکار ہو جاتا ہے۔ اچھے معاشرے
کی تشکیل میں مذہب اہم کردار ادا کرتا ہے۔

Date:

M T W T F S

انفرادی زندگی میں دین کی اہمیت:

انفرادی زندگی میں دین تسکین دیتا ہے۔

"اللہ کا ذکر کرنے سے دلوں کو سکون ملتا ہے" (Surah Alraat : 28)

دین خودکشی سے روکتا ہے۔
سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء سے ظاہر ہے کہ اللہ انسان کو خودکشی سے روکتا ہے۔

"اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو"

دین امید مہیا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں [illegible] (سورۃ البقرہ: 155)

Try to add the Arabic of Quranic verses as well.

دین زندگی کا مقصد دیتا ہے۔ دنیا و آخرت [illegible] کا مقصد ہے۔ اللہ کی رضا کی خاطر تعلیم بھی عبادت ہے۔

دین ہمیں اخلاقیات سکھاتا ہے۔

"حسد اور تکبر نیکی کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو" (القرآن)

اجتماعی زندگی میں دین کی اہمیت:-

دین مساوات اور برابری کا حکم دیتا ہے

- حدیث شریف میں آتا ہے۔
  "عربی کو عجمی پر شرف نہیں"

- قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"بے شک اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو تقویٰ والا ہے۔"

دین معاشرے میں نظام دیتا ہے۔
دین حق و حقوق کی تعلیم دیتا ہے

"حقوق العباد ناقابل معافی ہیں"

دین دوہرا نظام احتساب دیتا ہے۔
دین بعد الموت کا تصور پیش کرتا ہے۔ دین عقل کی رہنمائی کرتا ہے

ترجمہ: "اے پیغمبر کہہ دو کہ اصلی ہدایت صرف اللہ ہی کی ہدایت ہے"

(الانعام - 71)

Date: ______ (M) (T) (W) (T) (F) (S)

انسانی زندگی میں مذہب کا کردار :-

مذہب نے انسانی زندگی میں مثبت کردار ادا کیا ہے
مذہب کے بغیر زندگی نامکمل ہے
مذہب نے انسان اور انسانی معاشرے
کو پستی سے نکال کر بلندی سے نوازا
ہے اور انسانی زندگی کے ہر پہلو میں
انسان کی مثبت رہنمائی کر کے اسے
فلاح کی طرف مائل کیا ہے۔

خلاصہ بحث :-

قرآن مجید کے مطابق اللہ تعالیٰ صرف پیدا
کرنے والا ہی نہیں بلکہ رہنمائی کرنے والا
بھی ہے
ارشاد باری تعالیٰ ہے "اس نے ہر چیز کو
تخلیق کیا پھر ہدایت عطا کی"

لہذا انسانوں کو چاہئے کہ جس جامع اور مکمل
نظام زندگی کی ہدایت اس نے اپنے پیغمبروں
کے ذریعے بھیجی [illegible]
کریں۔

Good effort!

Work on the mentioned mistakes for improvement and keep practicing.

10/20